پریس ریلیز

گوجرانوالہ 10 ستمبر 2023ء

گوجرانوالہ چیمبر کے صدر شیخ فیصل ایوب کی وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی سے اہم ملاقات کی ۔ملاقات میں انہوں نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ گوجرانوالہ پاکستان کا اہم صنعتی شہر ہونے کے ساتھ ساتھ SME کا حب ہے ہنر مندوں کے اس شہر میں کاٹج انڈسٹری اور ایس ایم ایز بہت زیادہ تعداد میں کام کر رہی ان کے فروغ کیلئے آسان اور سادہ سکیمیں متعارف کروائی جانا وقت کی اشد ترین ضرورت ہے ۔انہوں نے کہا کہ کاروباری مشکلات کو حل کرنے کیلئے لانگ ٹرم سسٹین ایبل گروتھ کیلئے کاروبار دوست پالیسیاں مرتب ہونی چاہئیں ۔انڈسٹری مالکان کی پریشانیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے اداروں کی مداخلت کو کم سے کم کیا جائے ۔گوجرانوالہ کے دیرینہ مطالبات جن میں یونیورسٹی کا قیام، چلڈرن ہسپتال، برن یونٹ کا قیام،ایکسپو سنٹر کیلئے جگہ کی فراہمی جیسے منصوبہ جات التوا کا شکار ہیں ان کی فوری منظوری دی جائے ۔اس کے علاوہ گوجرانوالہ کو انڈسٹریل اسٹیٹس کی اشد ضرورت ہے کم از کم پہلے مرحلے 2 بڑی انڈسٹریل اسٹیس دی جائیں۔

وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب کے بڑے چیمبرز کے صدور کے ساتھ ملاقات کا مقصد یہی ہے کہ کاروباری مسائل کو آپ ہی کی تجاویز سے حل کیا جائے ۔علاوہ ازیں کاروباری مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے نئی نئی اصلاحات کی جا رہی ہیں ۔مختلف محکموں کو ون ونڈو اپریشن کے تحت چلایا جائے گا تا کہ کاروباری لوگ کے تمام معاملات ایک ہی ونڈو پر حل ہوسکیں ۔ جہاں تک گوجرانوالہ یونیورسٹی کے منصوبے کا تعلق ہے آج ہی ہدایت جاری کی جائے گی کہ اس منصوبے کو فوری پائیہ تکمیل تک پہنچایا جائے ۔اس کے علاوہ چیمبر صدر نے برن یونٹ اور چلڈرن ہسپتال کی مانگ کی ہے جس کی آج ہی منظوری دی جاتی ہے انشاءاللہ بہت جلد گوجرانوالہ میں برن یونٹ اور چلڈرن ہسپتال کا قیام کیا جائے گا جو میں سمجھتا ہوں کہ اس شہر کا حق ہے ۔گوجرانوالہ کو موٹروے لنک میں گوجرانوالہ چیمبر کا کردار قابل ستائش ہیں یہ منصوبہ بھی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے ۔اس کے علاوہ جو تجاویز گوجرانوالہ چیمبر کی طرف سے صدر چیمبر شیخ فیصل ایوب نے پیش کیں ہیں بہت جلد ان کے متعلق گوجرانوالہ چیمبر کو فیڈ بیک دیا جائے گا۔